49047- تکبیر تحریمہ بھول جانے والے کی نماز کا حکم

سوال

اگر کوئی انسان تکبیر تحریمہ بھول جائے توکیا وہ نماز جاری رکھے اوراسے دوبارہ کہے ، یا کہ نماز توڑکر تکبیر تحریمہ کہے ؟

پسندیدہ جواب

"اگر کوئی شخص تکبیر تحریمہ بھول
جائے ، یا اسے اس میں شک ہو تو وہ اسی وقت تکبیر کہہ لے ، اور تکبیر تحریمہ کے بعد جو
کچھ پایا ہے اس پر عمل کرے ، چنانچہ اگر اس نے تکبیر تحریمہ امام کی ایک رکعت ہو
جانے کے بعد کہی تو اس کی پہلی رکعت فوت ہوگئی ، چنانچہ وہ امام کے سلام پھیرنے کے
بعد ایک رکعت ادا کرے گا .

اور اگر وہ تکبیر تحریمہ تیسری رکعت
میں لوٹاتا ہے (یعنی تیسری رکعت میں یاد آئی) تو اس کی دو رکعت رہ گئی ہیں چنانچہ
وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد دو رکعت اور ادا کرے گا .

یہ تو اس وقت ہے جب اسے وسوسہ نہیں ،
لیکن اگر اس شخص کو وسوسہ کی بیماری ہے تو اس کے متعلق پہلی رکعت میں ہی تکبیر
تحریمہ کہنے کو شمار کیا جائیگا ، اور وہ شیطان کو ذلیل کرنے اور اس کے وسوسہ سے جنگ
کے لیے کوئی رکعت بھی قضاء نہیں کرے گا ، سب تعریفات اللہ ہی کے لیے ہیں " اھ .